A | 710

Samagra Shiksha Kerala

# സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം


## ആത്യന്തികവിലയിരുത്തൽ I 2025 - 26

ക്ലാസ് : 7 | ഉർദു | സമയം : 2 മണിക്കൂർ 15 മിനിട്ട്

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

1. മൂല്യനിർണ്ണയ പ്രവർത്തനങ്ങൾ ആരംഭിക്കുന്നതിന് മുമ്പ് പതിനഞ്ച് മിനിട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ഈ സമയം ചോദ്യങ്ങൾ നന്നായി വായിച്ചു മനസ്സിലാക്കണം.
2. ആറു ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഉത്തരമെഴുതിയാൽ മതി.
3. രണ്ടു ചോദ്യങ്ങൾക്ക് ഇന്റേണൽ ചോയിസുണ്ട്. ഇന്റേണൽ ചോയിസുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഒന്നിന് മാത്രം (A OR B) ഉത്തരമെഴുതിയാൽ മതി.

## سرگرمی I



موہن داس کرم چند گاندھی
پور بندر۔ گجرات
پیدائش : ۲/اکتوبر ۱۸۶۹
وفات : ۳۰/جنوری ۱۹۴۸
کستوربا گاندھی

1 گاندھی جی کو ہم پیار سے کیا پکارتے ہیں؟

a) نیتا جی b) چاچا جی c) باپو جی d) سردار جی

2 بچّو، اوپر گاندھی جی کے بارے میں چند معلومات دی گئی ہیں۔
ان کی روشنی میں گاندھی جی کے بارے میں واضح کرکے لکھیے۔

## سرگرمی II

آکاش دیپ کا ساتھی ہوں
گھر میں دیے جلاتی ہوں
میٹھا میٹھا تہوار ہوں
بولو بولو کون ہوں میں؟



For complete preparation materials visit www.educationobserver.com

1 پہیلی بوجھیے اور صحیح جواب چن کر لکھیے۔

a) اونم b) دیوالی c) عید d) ہولی

2 بچّو، ہندوستان میں اسی طرح کے کئی تہوار ہیں۔

آپ کا پسندیدہ تہوار کون سا ہے؟ اس کی خصوصیات کیا کیا ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

## سرگرمی III

پیارے بچّو،

آج یومِ آزادی ہے۔ ۱۵/اگست کو ہم یومِ آزادی کا جشن دھوم دھام سے مناتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ دیس کی آزادی کے لیے بہت لوگوں نے کوشش کی۔ کئی مجاہدینِ آزادی نے اپنی جان قربان کر کے انگریزوں سے ہمارے ملک کو آزاد کرایا۔ آج ہمارے ملک میں سب لوگ مل جل کر رہتے ہیں۔۔۔۔

بچّو، تقریر غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

1 یومِ آزادی کب منایا جاتا ہے؟

a) ۲۶/جنوری b) ۱۴/نومبر c) ۱۵/اگست d) ۲/اکتوبر

2 بچّو، ہندوستان کے جنگِ آزادی میں کئی مجاہدینِ آزادی حصّہ لیے ہیں۔

چار مجاہدینِ آزادی کے نام لکھیے۔

3 ہمارا وطن کیسے آزاد ہوا؟ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

## سرگرمی IV

'یومِ کسان' کے جشن میں اسکول کے بچّوں نے ایک جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا ہے۔

1 بچّو، کھیتی کی اہمیت پر پلاکارڈ کے لیے دو نعرے تیار کیجیے۔



For complete preparation materials visit www.educationobserver.com

جیسے :




(اشارے : جان، صحت، کھانا، ضروری، فائدہ مند، بھوک مٹانا)

2 کھیتی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ کھیتی کرنے سے ہمیں کیا کیا فائدے ہیں؟
آپ کے خیالات لکھیے۔

## سرگرمی V (A)

یہ ہندوستان ہے ہمارا وطن    محبت کی آنکھوں کا تارا وطن
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن    وہ اس کے درختوں کی تیاریاں
وہ پھل پھول پودے وہ پھلواریاں    ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

بچّو، نظم غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

1 ہندوستان کا قومی پرندہ کون سا ہے؟

a) توتا    b) کوئل    c) مور    d) کوّا

2 ہندوستان کی خصوصیات کیا کیا ہیں؟ یہاں کے نظارے کیسے ہیں؟
ہندوستان کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔

(അല്ലെങ്കിൽ)

## سرگرمی V(B)

ہرا بھرا سا کیرل ہے    فصلوں کا یہ خزانہ ہے
ناریل اور سپاری ہے    کالی مرچ کاجو ہے
محنت کرنے والے ہیں    لوگ یہاں کے پیارے ہیں



For complete preparation materials visit www.educationobserver.com

1 بچّو، ان اشعار میں چند پیداواروں کے نام آئے ہیں۔ چن کر لکھیے۔

2 کیرلا کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

## سرگرمی VI(A)

عید کا دن تھا۔ مریم نیا کپڑا پہن کر امّی کے ساتھ بریانی کھا رہی تھی۔ اتنے میں گھر کے باہر کھڑکی سے اس نے اپنی سہیلی رانی کو دیکھا۔ وہ پرانے کپڑے پہن کر آنگن میں کھیل رہی تھی۔

امّی، کیا میں رانی کو بھی بلاؤں! ٹھیک ہے بیٹی۔ مریم نے رانی کو اپنے گھر میں دعوت دی۔ امّی نے رانی کو گرم گرم بریانی کھلائی اور اس کو عید کا تحفہ دے دی۔ خوشی سے رانی کی آنکھیں بھر آئیں۔۔۔

1 کہانی غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے اس سے تین سوالات تیار کیجیے۔

(کیا، کون، کہاں، کیسے، کیوں)

2 بچّو، اس کہانی کے لیے مناسب عنوان تجویز کیجیے۔

(അല്ലെങ്കിൽ)

## سرگرمی VI (B)

منّو ابّا کے ساتھ بازار گئی۔ طرح طرح کے پکوان خرید کر خوشی خوشی گھر آئی۔ اس کو دیکھ کر دادی امّاں پوچھنے لگی۔

دادی امّاں : منّو بیٹی! آپ کہاں گئی تھی؟

منّو : ..............................................

بچّو، دادی امّاں اور منّو کی گفتگو آگے بڑھائیے۔



For complete preparation materials visit www.educationobserver.com